

FREE

# ہم - ہمارا ماحول

## جماعت پنجم

ENVIRONMENTAL STUDIES
CLASS -V







ناشر حکومت تلنگانہ حیدرآباد

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے

ماحولیاتی مطالعہ












ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت، تلنگانہ، حیدرآباد

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے


SCERT TELANGANA

ماحولیاتی مطالعہ
ENVIRONMENTAL STUDIES
جماعت-5

# متوقع اکتسابی نتائج

## متعلم......

- ٹیکنالوجی کے استعمال اور ہماری روزمرہ زندگی میں بنیادی ضرورتوں (غذا، پانی وغیرہ) تک رسائی کے عمل (مثلاً کھیت سے پیداوار باورچی خانے تک، اناج سے روٹی، غذا کے تحفظ کے طریقے، ذخیرہ اندوزی اور آبی ذرائعوں کی کھوج) کی وضاحت کرتے ہیں۔
- جانوروں، پودوں اور انسانوں کے درمیان باہمی انحصار کی وضاحت کرتے ہیں۔ (مثلاً: جانوروں کے ذریعہ سماجی طبقوں کے روزگار کا حصول، بیجوں کا انتشار وغیرہ)
- خطہ زمین، آب وہوا، وسائل (غذا، پانی، چھت، روزگار) اور تہذیبی وثقافتی زندگی کے درمیان ربط قائم کرتے ہیں۔ (مثلاً: متغائر زندگی، مشکل مقامات جیسے گرم/ٹھنڈے/صحرا)
- پینٹنگ اور آثار قدیمہ وغیرہ کے ذریعہ حال اور ماضی کے چال چلن، رواج اور تکنیک کا پتہ لگاتے ہیں۔ (مثلاً: زراعت/تہوار/کپڑے/اشیا/آلات/پیشے/عمارتیں/مکان/کھانے پینے اور کام کے طریقے)
- مختلف مقامی/ناکارہ اشیا کا استعمال کرتے ہوئے پوسٹرس، ڈیزائنس، ماڈلس، مقامی کھانے، خاکے، نقشے تیار کرتے ہیں اور نظمیں/نعرے وغیرہ لکھتے ہیں۔
- سماج میں وقوع پذیر ہونے والے وسیع مسائل کے مشاہدات/تجربات پر اپنی رائے دیتے ہیں۔ (مثلاً: وسائل کی رسائی/مالکانہ حقوق کے متعلق امتیاز، نقل مقام، منتقلی/اخراج، حقوق اطفال)
- حفظان صحت، صحت، ناکارہ اشیا کا انتظام، آفات سماوی/ناگہانی صورتحال اور وسائل کا تحفظ/بچاؤ (زمین، ایندھن، جنگلات وغیرہ) اور عدم افادہ اور محروموں کے تئیں حساسیت کا اظہار کرتے ہیں۔
- جانوروں کے تحفظ کے بارے میں سوال کرتے ہیں اور جانوروں کے استعمال اور چرواہوں کی طرز زندگی کے بارے میں وضاحت کرتے ہیں۔
- کھیتی باڑی سے منسلک مدارج، آلات کا استعمال اور کیڑا مار ادویات کے بارے میں وضاحت کرتے ہیں۔ فصلوں کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔ اور حاصل کردہ معلومات کو جدول کی شکل میں ریکارڈ کرتے ہیں۔ پودوں کی نشوونما سے متعلق تجربات کرتے ہیں۔ تصویریں (شکلیں) اتارتے ہیں اور ان کی وضاحت کرتے ہیں۔
- ندیوں، تہذیب، زراعت، ندیوں کی اہمیت، صنعتوں اور منادر کا قیام کے فوائد بیان کرتے ہیں۔ شمسی نظام کا ماڈل تیار کرتے ہیں۔ حفاظتی اصول کے بارے میں گفتگو کرتے ہیں۔ ہنگامی خدمات پیش کرنے والے اداروں کے بارے میں گفتگو کرتے ہیں۔ آفات سماوی کے دوران اپنی خدمات کو پیش کرتے ہیں۔
- حسی اعضا اور ان کی حفاظت کس طرح کی جاتی ہے وضاحت کرتے ہیں۔ شکلیں اتارتے ہیں۔ صحت مند عادتوں کے بارے میں وضاحت کرتے ہیں اور ان پر عمل کرتے ہیں۔
- آب وہوا، موسم، اشیا کے بارے میں وضاحت کرتے ہیں جو ہوا کی طاقت سے کام کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ فضائی آلودگی اور ہوا کی خصوصیات کے بارے میں بھی وضاحت کرتے ہیں۔
- تصویروں کا استعمال کر کے دن اور رات کیسے بنتے ہیں۔ مظاہرہ کرتے ہیں۔ طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے متعلق معلومات حاصل کرتے ہیں اور اس کا تجزیہ کرتے ہیں۔



# بچو! اس کتاب کا استعمال حسب ذیل طریقے پر کیجیے۔

☆ یہ کتاب آپ ہی کے لیے تیار کی گئی ہے ہر سبق کا مطالعہ آپ خود کیجئے۔

☆ آپ کو کیا کرنا ہے اس کی ہدایت آپ کے معلم دیں گے۔ ان ہدایتوں پر عمل کیجئے۔

☆ سبق کے متن کو سمجھنے کے لیے آپ کو اپنے دوستوں سے مل جل کر کام کرنا ہوگا۔ اس لیے سرگرمیاں ومباحثہ گروہی طور انجام دیں۔

☆ اسباق میں تصویریں شامل ہیں۔ ان کا بغور مشاہدہ کیجئے۔ تصویروں کے ذیل میں دیئے گئے سوالات پڑھیں۔ اگر سمجھنے سے قاصر ہوں تو اپنے دوستوں/اساتذہ سے گفتگو کیجئے۔ ان سوالوں کے جواب غور وفکر کرتے ہوئے معلوم کیجئے۔

☆ تمام اسباق میں گروہی مباحثہ کے عنوان سے مشق دی گئی ہے۔ جب بھی ایسی مشق آئے 4 تا 5 طلبا کا گروپ بنایئے اور جواب گروہی طور پر معلوم کیجئے۔

☆ چند موقعوں پر "اکٹھا کیجیے" عنوان کے چند سوالات دیے گئے ہیں ان سے متعلق جوابات جاننے کے لیے قریبی افراد یا اداروں کو جایئے۔ اگر ضروری ہو تو معلومات کس طرح حاصل کی جائیں اپنے استاد سے پوچھے۔

☆ چند اسباق میں "ایسا کیجئے" عنوان کے تحت تجربات دیے گئے ہیں۔ ان کو آپ بہر صورت انجام دیجئے۔ نتائج درج کیجئے۔ اس سے متعلق اپنی کمرہ جماعت میں گفتگو کیجئے۔ شکوک وشبہات سے متعلق اپنے استاد سے سوال کیجئے۔

☆ آپ کو تلنگانہ، 'ضلع' اور منڈل کے نقشوں کی ضرورت پڑے گی۔ یہ اپنے استاد سے حاصل کیجئے۔ آپ اسکول میں دستیاب بڑے نقشوں کا استعمال بھی کر سکتے ہیں۔

☆ ہر سبق میں "ہم نے کیا سیکھا" کے تحت سوالوں کے جواب آپ خود سوچ کر لکھیں۔ گائیڈس دیکھ کر جواب نہ لکھیں۔ لکھنے کے بعد اپنے استاد کو دکھایئے۔ گائیڈ ہرگز خریدیں نہ استعمال کریں۔ اگر آپ گائیڈ استعمال کرنے لگیں تو غور وفکر نہیں کر پائیں گے۔

☆ سبق کے آخر میں "کیا میں یہ کر سکتا ہوں / کر سکتی ہوں" کے تحت دیئے گئے نکات پڑھیے۔ اگر آپ ہر نکتہ حل کرنے کے قابل ہو تو 'ہاں' پر (✓) کا نشان لگایئے۔ اگر آپ نہیں کر سکتے ہیں اپنے استاد سے پوچھئے اور دوبارہ سیکھئے۔

☆ سبق کی تدریس یا گروہی سرگرمیاں انجام دینے کے دوران اگر کوئی بات آپ کو سمجھ میں نہ آئے تو فوراً اپنے استاد سے سوال کیجئے اور جواب معلوم کیجئے۔


حکومت تلنگانہ
محکمہ ترقی نسواں و بہبود اطفال - چائلڈ لائین فاؤنڈیشن
خطروں اور مشکلوں سے بچوں کے تحفظ کے لیے
جب اسکول یا اسکول سے باہر بدسلوکی ہو
CHILD LINE 1098 NIGHT & DAY
24 گھنٹے قومی ہلپ لائین
جب افراد خاندان یا رشتہ دار بدتمیزی سے پیش آئیں
جب بچوں کو اسکول سے روک کر کام پر لگایا جائے
مفت خدمات کے لیے (دس......نو......آٹھ) 1098 پر ڈائیل کریں


SCERT TELANGANA

# ماحولیاتی مطالعہ

## جماعت: پنجم

**Environmental Studies**
**Class - V**

### مدیران

**ڈاکٹر این۔ اوپیندر ریڈی**، پروفیسر و ہیڈ شعبہ نصاب و درسی کُتب، ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت،، حیدرآباد۔

**سری۔ بی آر جگدیشوری گوڑ**، پرنسپل ڈائیٹ، عادل آباد۔

**سری۔ یس وجئے کمار**، پروفیسر و ہیڈ شعبہ سائنس، ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت، حیدرآباد۔

**سری۔ کے چٹّی بابو**، سینئر لکچرر ڈائیٹ، کارویٹی نگرم، چتور۔

### مدیر اُردو

**جناب سیّد اصغر حسین صاحب**، موظف سینئر لکچرر ڈائیٹ، وقار آباد۔

### ماہرین مضمون

| | | |
|---|---|---|
| سری۔ سُورنا وینا ئک | سریمتی۔ جیوتسنا پورکر | سری۔ ایلکس ایم جارج |
| کوآرڈینٹر، شعبہ نصاب و درسی کُتب | ہومی بھابھا سائنس سنٹر | ایکلویا |
| ایس۔ سی۔ ای۔ آر۔ ٹی، حیدرآباد۔ | ممبئی | مدھیہ پردیش |

### کوآرڈینیٹر

**محمد افتخار الدین**

کوآرڈینٹر، شعبہ نصاب و درسی کتب
ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق و تربیت، حیدرآباد۔

### کمیٹی برائے فروغ و اشاعتِ درسی کُتب

| | | |
|---|---|---|
| سری۔ اے ستیانارائنا ریڈی | ڈاکٹر۔ این اوپیندر ریڈی | سری۔ بی سدھاکر |
| ڈائریکٹر، | پروفیسر و ہیڈ شعبہ نصاب و درسی کُتب | ڈائریکٹر |
| ایس۔ سی۔ ای۔ آر۔ ٹی | ایس۔ سی۔ ای۔ آر۔ ٹی | گورنمنٹ پرنٹنگ پریس |
| حیدرآباد۔ | حیدرآباد۔ | حیدرآباد۔ |



ناشر: حکومت تلنگانہ، حیدرآباد

سب کے لیے ایک
ایک کے لیے سب

آلودگی کی کمی
بہترین حل ہے



SCERT TELANGANA

© Government of Telangana, Hyderabad.

*First Published 2013*

*New Impressions 2014, 2015, 2016, 2017, 2018, 2019, 2020*

**All rights reserved.**

No part of this publication may be reproduced, stored in a retrieval system, or transmitted, in any form or by any means without the prior permission in writing of the publisher, nor be otherwise circulated in any form of binding or cover other than that in which it is published and without a similar condition including this condition being imposed on the subsequent purchaser.

The copy right holder of this book is the Director of School Education, Hyderabad, Telangana.

SCERT TELANGANA

*This Book has been printed on 70 G.S.M. Maplitho*
*Title Page 200 G.S.M. White Art Card*

یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

Printed in India
at the Telangana Govt. Text Book Press,
Mint Compound, Hyderabad,
Telangana.

# پیش لفظ

اپنے ماحول اور سماج سے متعلق تمام بچوں میں آگہی پیدا ہونی چاہیئے۔جس کے لیے ماحول کا تنقیدی طور پر مشاہدہ کرنا ضروری ہے۔ بچے سماج میں رونما ہونے والے واقعات کو سمجھتے ہوئے ان سے متعلق سوال کرنے والے بنیں۔ اپنے قریبی اور دور دراز کے ماحول سے واقفیت حاصل کرتے ہوئے اپنے آپ کو اس کے مطابق ڈھالنا ہوگا۔ یہ اسی وقت ممکن ہوسکتا ہے جب ماحول کے بارے میں ماحول سے سیکھا جائے۔جس طرح ہماری اہمیت ہے اسی طرح ماحول میں پائے جانے والے پودے' پرندے' جانور وغیرہ بھی اہمیت کے حامل ہیں۔اس بات کو جانتے ہوئے ان کے تحفظ کے لیے درکار رجحانات کو فروغ دینا آج کے حالات میں انتہائی ضروری ہے۔ دراصل ماحولیاتی مطالعہ کا مقصد ہی اس کے تحت مناسب مہارتوں' استعداد اور رجحانات کا حصول ہے۔تحتانوی سطح کے لیے''ہم- ہمارا ماحول'' کے عنوان سے ماحولیاتی مطالعہ کی درسی کتابیں ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت کی جانب سے تشکیل دی گئی ہیں۔تعلیمی سال 13-2012 سے جماعت سوم کی نئی درسی کتاب کو متعارف کیا گیا ہے۔اسی تسلسل میں تعلیمی سال 14-2013 سے جماعت چہارم اور پنجم کی نئی درسی کتابیں متعارف کی جارہی ہیں۔

ملک کی سطح پر قومی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وترتیب (NCERT) کے نصاب' درسی کتاب کے پس منظر کو ملحوظ رکھتے ہوئے ہماری ریاست کی ضروریات کے مطابق نصاب اور درسی کتابیں ترتیب دی گئی ہیں۔ قانون حق برائے مفت ولازمی تعلیم -2009 کے مطابق تحتانوی سطح پر ماحولیاتی مطالعہ کے تحت حصول طلب استعداد کا تعین کیا گیا ہے جن کے حصول میں معاون نئی درسی کتابیں ترتیب دی گئی ہیں۔ حیاتی زندگی کے ذرائع (جانور، دریائیں، غذا، پودے) صحت، حفظان صحت، ماحول، تحفظ، تاریخ، جغرافیائی نکات، اقدار- حقوق جیسے موضوعات کو بنیاد بناتے ہوئے درسی کتب میں اسباق شامل کیے گئے ہیں۔ دلچسپ حالات، روزمرہ زندگی کے واقعات کو بیان کرتے ہوئے بچوں میں غوروفکر پیدا کرنے، ردعمل ظاہر کرنے' بحث ومباحثہ کرنے جیسے مشغلے' انکشافات' تجربہ کے ذریعہ تصورات کی تشکیل ہوسکے اس طرح کے اسباق شامل کیے گئے ہیں۔ سبق کے موضوع کو بچوں تک راست طور پر پہنچانے کے بجائے ایسے مواقع فراہم کئے جائیں کہ بچے معلومات اکٹھا کرنے' عملی سرگرمیوں اور تصویروں کے مشاہدہ کے ذریعہ موضوع کو سمجھیں، اس درسی کتاب میں مشغلے' منصوبہ کام اور تجربات اس طرح شامل کیے گئے ہیں کہ بچے اس میں انفرادی' گروہی واجتماعی طریقہ پر حصہ لے سکیں۔ ہر سبق میں بچوں کو اپنے اکتساب کا محاسبہ کرنے کے لیے'' ہم کہاں تک سیکھ چکے ہیں'' عنوان سے مشقیں شامل کی گئی ہیں۔ یہ مشقیں استعداد کے حصول میں معاون ہیں۔ سبق کے آخر میں بچوں کی از خود جانچ کے لیے'' کیا میں یہ کرسکتا/ کرسکتی ہوں'' کے عنوان سے بھی مشق دی گئی ہے۔ ہر سبق میں حقیقی اور بنائی گئی تصویریں شامل کی گئی ہیں۔ جن سے بچوں کو موضوع کے متعلق راست احساس ہوتا ہے۔

یہ کتاب بچوں میں راست طور پر معلومات فراہم کرنے کے بجائے علم کی تشکیل کو اہمیت دیتی ہے۔ اس کو مدنظر رکھتے ہوئے اساتذہ بچوں کو معلومات فراہم کرنے کے بجائے مشغلوں کے اہتمام کے ذریعہ علم کی تشکیل کریں۔ درسی کتاب میں ایسے مشغلے ہیں جن کے ذریعہ بچے اپنے ساتھیوں' سماج اور اشیاء سے ردعمل کے ذریعے سیکھتے ہیں۔ لہٰذا ان مشغلوں کا اہتمام بہ ہر صورت کیا جائے۔ اس کے لیے اساتذہ کو چاہیئے مناسب درسی' اکتسابی اشیاء اور حکمت عملی تیار کرتے ہوئے تدریس کریں۔

اس نظریہ کے تحت کتاب کو صرف ایک معاون کے طور پر دیکھیں۔ بچوں کے تجربات اور مقامی وسائل کو ایک مضبوط وسیلہ مانتے ہوئے جدید سائنسی نقط نظر کو جوڑتے ہوئے تدریسی واکتسابی عمل کو بامعنی بنائیں۔ اس بات کی مکمل کوشش کریں کہ بچوں میں عملی مہارتیں' فروغ پائیں اور ساتھ ہی ساتھ ماحول کے تئیں مناسب رجحان فروغ پائے۔

اس کتاب کی تدوین میں حصہ لینے والے اساتذہ' لکچررس' مصور' ماہرین مضمون' ڈی۔ٹی۔پی لے آوٹ ڈیزائنرس' شعبہ نصاب ودرسی کتب کے ارکان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اس کتاب کو خوبصورت اور جاذب نظر بنانے اور ایسی سمت دینے کے لیے جس سے بچوں میں عملی مہارتیں فروغ پاسکیں۔ اس بات کے لیے ماہرین مضمون کا خصوصی طور شکریہ ادا کرتا ہوں اور اس بات کی امید کرتا ہوں کہ یہ کتاب بچوں میں سائنس کے اکتساب کے تئیں دلچسپی کو بڑھانے میں معاون ہوگی اور بچوں میں اعلیٰ اقدار' حیاتی تنوع کے شعور کو مکمل طور پر فروغ دے گی۔

**تاریخ: 30-11-2012**

**مقام: حیدرآباد۔**

**ڈائریکٹر**
**ریاستی ادارہ برائے تعلیمی تحقیق وتربیت**
**حیدرآباد۔**

SCERT TELANGANA

# قومی ترانہ

- رابندر ناتھ ٹیگور

جن گن من ادھی نایک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
پنجاب، سندھ، گجرات، مراٹھا، ڈراوڈ، اتکل، ونگا
وندھیا، ہماچل، یمنا، گنگا، اُچ چھل جل دھی ترنگا
تواشبھ نامے جاگے، تواشبھ آشش ماگے
گاہے تو جیا گاتھا
جن گن منگل دایک جیا ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جیا ہے، جیا ہے، جیا ہے
جیا جیا جیا جیا ہے

# عہد

- پی ڈیمری وینکٹا سبا راؤ

ہندوستان میرا وطن ہے۔ تمام ہندوستانی میرے بھائی، بہن ہیں۔ مجھے اپنے وطن سے پیار ہے اور میں اس کے عظیم اور گوناگوں ورثے پر فخر کرتا ہوں/کرتی ہوں۔ میں ہمیشہ اس ورثے کے قابل بننے کی کوشش کرتا رہوں گا/کرتی رہوں گی۔ میں اپنے والدین، استادوں اور بزرگوں کی عزت کروں گا/کروں گی اور ہر ایک کے ساتھ خوش اخلاقی کا برتاؤ کروں گا/کروں گی۔ میں جانوروں کے تئیں رحم دلی کا برتاؤ کروں گا/کروں گی۔ میں اپنے وطن اور ہم وطنوں کی خدمت کے لیے اپنے آپ کو وقف کرنے کا عہد کرتا ہوں/کرتی ہوں۔

SCERT TELANGANA


یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

# اساتذہ کے لیے ہدایات

☆ درسی کتاب کے استعمال سے قبل اس کتاب کے ذریعہ مطلوبہ استعداد، پیش لفظ، فہرست مضامین کا مطالعہ بہ ہر صورت کریں۔ ماحولیاتی مطالعہ کی تدریس کے لیے ہفتہ میں چھ پیریڈ کے حساب سے ایک سال میں 220 پیریڈ ہوں گے۔ اس درسی کتاب میں جملہ 16 اسباق ہیں۔ انہیں اس طرح ترتیب دیا گیا ہے کہ ان کی تدریس 170 پیریڈ میں کی جاسکے۔ ایک سبق کے لیے اوسطاً 10 پیریڈ درکار ہوں گے۔

☆ اسباق مشغلوں، منصوبہ کام اور معلومات کے حصول سے مزین ہیں۔ لہٰذا مضمون کو سمجھانے میں زیادہ وقت صرف نہ کرتے ہوئے اُن سرگرمیوں کی تکمیل کے لیے زیادہ وقت مختص کریں۔ تدریس کے لیے متعینہ وقت (پیریڈ) میں بچوں کو ہدایت دینا۔ گروہی مشغلہ کروانا، اور ان کا مشاہدہ کرنا، غلطیوں کی تصحیح کرنا جیسی سرگرمیاں ہونی چاہیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ بچوں کو مشغلوں سے متعلق واضح آگہی حاصل ہو۔ ہدایت اس طرح دیں کہ بچوں کو خود سمجھ کر لکھنے کی ترغیب حاصل ہو۔ گائیڈس دیکھ کر لکھنے کی اجازت ہرگز نہ دی جائے۔

☆ اسباق کا آغاز غور وفکر کو فروغ دینے والی تصویروں سے ہوتا ہے۔ ان سے متعلق سوالات بھی دیئے گئے ہیں۔ ان سوالات کا حل کل جماعت مشغلے کے طور پر کروائیں۔ بچوں کے جواب تختہ سیاہ پر لکھیں۔ ان سے متعلق آگہی/ سابقہ معلومات کی جانچ کے ذریعہ کلیدی تصورات کا تعارف کروائیں۔ اس کے لیے اسباق میں، مشغلے، سوچیے، بولیے، ایسا کیجیے، اکٹھا کیجیے جیسے عنوان کے تحت دیے گئے ہیں۔ ان مشغلوں کے اہتمام کے ذریعہ بچوں کو سبق کے مواد سے متعلق معلومات حاصل ہوں۔ اسباق کا مطالعہ کروائیں۔ ان میں دیے گئے سوالوں، حالات، تصاویر، مشغلے وغیرہ کا مطالعہ کرواتے ہوئے بچوں کو آگہی حاصل ہوئی ہے یا نہیں معلوم کرتے ہوئے مشغلوں کا اہتمام کریں۔

☆ سبق کی تصویروں کی جگہ یا درمیان میں غور کیجیے، بولیے ''عنوان کے تحت مشغلے دیے گئے ہیں ان مشغلوں کا اہتمام کل جماعت طور پر کریں۔ بچوں کو اس طرح ترغیب دیں کہ وہ آزادانہ طور پر اپنے تجربات بیان کرسکیں۔ اس کے تحت دیئے گئے سوالوں کے علاوہ زائد سوالات بھی کیے جاسکتے ہیں۔ اختتام پر اساتذہ ان سوالات کو یکجا کرکے (Summing Up) جامعہ معلومات فراہم کریں۔

☆ سبق کے درمیان میں ''گروہی کام'' کے عنوان سے مشغلے دیے گئے ہیں۔ ان کے اہتمام سے قبل بچوں کو ہدایت دیں اور گروپس میں تقسیم کریں۔ ایسے حالات فراہم کریں کہ بچے اس مشغلے کے تحت دیے گئے سوالوں پر خود سے بحث ومباحثہ کریں۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو انہیں مشورے وہدایتوں سے نوازیں۔ اور حوالہ جاتی کتب فراہم کریں۔ گروہی طور پر لکھے گئے جوابات پیش کرنے کے لئے ہیں۔ غلطیوں کی اصلاح کریں۔

☆ اسباق میں ''یہ کیجیے'' عنوان کے تحت دیے گئے مشغلے تجربات سے تعلق رکھتے ہیں۔ یہ کام بچے اسکول یا گھر پر کرسکتے ہیں۔ بچوں کو واقف کروائیں کہ یہ تجربے کئے جاتے ہیں۔ اور ان کے لیے کیا کیا چیزیں درکار ہوتی ہیں۔ تجربوں کی تکمیل پر بچوں سے وضاحت طلب کریں کہ کیا کیئے؟ کیسے کیئے؟ وغیرہ۔ ان مشغلوں کا اہتمام انفرادی یا گروہی طور پر کروایا جاسکتا ہے۔

☆ اسباق میں ''اکٹھا کیجیے'' کے عنوان سے بھی مشغلے دیے گئے ہیں۔ ان کی عمل آوری کے لیے بچوں کو سماج میں، اپنے اطراف واکناف کے ماحول میں جاکر معلومات حاصل کرنی ہوتی ہیں۔ اس کے لیے بچوں کو اس بات سے واقف کروائیں کہ معلومات کیسے حاصل کی جائیں اور کیسے سوالات پوچھے جائیں؟ معلومات اکٹھا کرنے کے لیے درکار جدول کی تیاری کمرہ جماعت ہی میں کروائیں۔ معلومات اکٹھا کرنے کے بعد ایک پیریڈ میں اس کا مظاہرہ کروائیں۔ ان مشغلوں کا اہتمام گروہی طور پر کروائیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ گروپ میں 2 تا تین بچے ہوں۔

☆ ہر سبق میں ''کلیدی الفاظ'' دیئے گئے ہیں۔ سبق کی تکمیل کے بعد کلیدی الفاظ کی فہرست میں موجود ہر لفظ کے بارے میں انفرادی طور پر پوچھیں۔ بچوں کی معلومات سے آگاہی حاصل کریں۔ اس کے لیے خصوصی طور پر ایک پیریڈ مختص کریں۔ سبق کی تکمیل کے بعد ہم نے کہاں تک سیکھا؟ ''عنوان کے تحت مشقیں دی گئی ہیں۔ اس کے تحت دیے گئے استعداد پر مبنی سوالات پر مشغلے بچے خود سے کرسکیں۔ اس بات کو یقینی بنائیں۔ ان کے اہتمام کے لیے ایک استعداد کے لیے ایک پیریڈ کی مناسبت سے 6 پیریڈ مختص کرلیں۔ سبق کے آخر میں ''کیا میں یہ کرسکتا ہوں/ کرسکتی ہوں؟'' مشق از خود جانچ کے تحت دی گئی ہے۔ اس کے تمام نکات بچے حل کر پا رہے ہیں یا نہیں؟ معلوم کریں۔ اگر 80% بچے یہ کر پا رہے ہیں تو دوسرے سبق کی تدریس شروع کریں۔

SCERT TELANGANA

## مصنفین

**سری بی۔ راما کرشنا**، ایس۔ اے، جی۔ جی۔ ایچ۔ ایس، نلہ گٹہ، حیدرآباد۔

**سری۔ پی۔ راتھنگا پانی ریڈی**، ایس۔ اے، ضلع پریشد ہائی اسکول، پولکم پلی، اڈکل منڈل، ضلع محبوب نگر۔

**سری کے۔ اوپیندرراو**، ایس۔ جی۔ ٹی، یم۔ پی۔ پی۔ ایس، پیرا ھتا نڈا، ترکا پلی منڈل، ضلع نلگنڈہ۔

**سری ای۔ ڈی مدھوسُدھن ریڈی**، ایس۔ اے، ضلع پریشد ہائی اسکول، کوسگی، ضلع محبوب نگر۔

**سری کے بالاجی**، ایس۔ جی۔ ٹی، پی۔ ایس، پنمکٹا، شیرلنگم پلی منڈل، ضلع رنگاریڈی۔

**سری کے۔ وی۔ ستیانارائنا**، ایس۔ اے، ضلع پریشد ہائی اسکول، ویلی دندہ، گاردی پلی منڈل، ضلع نلگنڈہ۔

**سری یم۔ امرناتھ ریڈی**، ایس۔ اے، یم۔ پی۔ یو۔ پی۔ ایس، لولور، سنگا نامالہ منڈل، ضلع اننت پور۔

**سری۔ نلّن چکرورتی جگن ناتھ**، ایس۔ جی۔ ٹی، گورنمنٹ ہائی اسکول، کلثوم پورہ، حیدرآباد۔

**شریمتی بھارتما**، ہیڈ ماسٹر، ضلع پریشد ہائی اسکول، ونجنگی، آموڈلاوالسا منڈل، ضلع سریکاکلم

**سری وی۔ روی**، اسکول اسٹنٹ، جی۔ این۔ ایچ۔ این، سداسیواپیٹا، ضلع میدک۔

**سری کے۔ این۔ وی نرسمہا**، ایس۔ جی۔ ٹی، پی۔ ایس، ویگاسوراپورم، تالاپوڈی منڈل، ضلع مغربی گوداوری۔

## مترجمین

**محمد افتخار الدین**، کوآرڈینٹر، ایس۔ سی۔ ای۔ آر۔ ٹی، آندھراپردیش، حیدرآباد۔

**یم۔ اے۔ معز**، اسکول اسسٹنٹ، اسٹیٹ ریسوس گروپ، گورنمنٹ ہائی اسکول، سوران، ضلع کریم نگر

**محمد ظہیرالدین**، اسکول اسسٹنٹ، اسٹیٹ ریسوس گروپ، ضلع پریشد ہائی اسکول (بوائز) آرمور، ضلع نظام آباد۔

**سید وارث احمد**، اسکول اسسٹنٹ، ضلع پریشد ہائی اسکول (اُردو) پنگنور، ضلع چتور۔

**شیخ رضوان احمد**، اسکول اسسٹنٹ، ضلع پریشد ہائی اسکول (اُردو) گرم کنڈہ، ضلع چتور۔

**محمد آصف الدین**، اسکول اسسٹنٹ، گورنمنٹ ہائی اسکول، آعظم پورہ۔II، حیدرآباد۔

**تقی حیدر کاشانی**، لکچرر ڈائیٹ، وقارآباد۔

**محمد معشوق ربّانی**، ڈائیٹ، ورنگل۔

## مصور

**سری۔ بی کشور کمار،**

صدرمدرس، اپر پرائمری اسکول، اتکور، نیدمنور منڈل، ضلع نلگنڈہ۔

## ڈی۔ ٹی۔ پی۔ لے آوٹ، ڈیزائننگ

**محمد ایوب احمد**، ایس۔ اے، ضلع پریشد ہائی اسکول، ضلع محبوب نگر۔

**ٹی۔ محمد مصطفیٰ**، بھولکپور، مشیرآباد، حیدرآباد۔

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 2020-21

# فہرست مضامین


| سلسلہ نشان | | اسباق | پیریڈس | ماہ | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 |  | جانور - ہماری زندگی کا ذریعہ | 15 | جون | 1 |
| 2 |  | زراعت - فصلیں | 8 | جون | 15 |
| 3 |  | آئیے پیڑ لگائیں | 10 | جولائی | 26 |
| 4 |  | تغذیہ بخش غذا | 10 | جولائی | 37 |
| 5 |  | ہمارے جسم کے حصے — حسّی اعضاء | 14 | اگست | 48 |
| 6 |  | ہمارا جسم — اندرونی عضوی نظام | 14 | اگست | 63 |
| 7 |  | جنگلات - قبائل | 10 | سپتمبر | 75 |
| 8 |  | دریا - ذریعہ معاش/روزگار | 10 | اکتوبر | 87 |
| 9 |  | فضائی کرہ - ہوا | 15 | نومبر | 97 |
| 10 |  | سورج اور سیارے | 8 | نومبر | 112 |
| 11 |  | حفاظتی اقدامات اور ابتدائی طبی امداد | 10 | ڈسمبر | 119 |
| 12 |  | تاریخی عمارتیں - ونپرتی کا قلعہ | 8 | ڈسمبر | 136 |
| 13 |  | توانائی | 8 | جنوری | 146 |
| 14 |  | ہمارا ملک - دنیا | 8 | جنوری | 156 |
| 15 |  | ہمارا دستور | 11 | جنوری/فروری | 164 |
| 16 |  | بچوں کے حقوق | 9 | فروری | 175 |
| | | اعادہ | | مارچ | |


SCERT TELANGANA

# اس درسی کتاب کے ذریعہ بچوں میں حصول طلب استعداد

## 1۔ تصورات کی تفہیم

☆ اسباق کے کلیدی الفاظ، تصورات اور مضامین سے متعلق آگہی حاصل کریں گے۔ ان سے متعلق مثالیں دے پائیں گے۔ وجوہات بیان کریں گے۔ وضاحت کر پائیں گے۔ اور درجہ بندی کریں گے۔ مثلاً: کسانوں کی طرز زندگی، حیاتی تنوع، مستقل ذرات، پودے لگانے کے دوران لیے جانے والے احتیاطی اقدامات، پودوں کے فوائد، توانائی دینے والی اشیاء، مقوی غذا کی مثالیں بچوں کے حقوق، ایندھن کی بچت، توانائی پیدا کرنے والے ذرائعوں کی درجہ بندی، ساحلی مقامات کی طرز زندگی وغیرہ۔

## 2۔ سوالات کرنا۔ مفروضات قائم کرنا

☆ بچے معلومات کے حصول کے لئے درکار سوالات کریں گے۔ تجربات سے تعلق رکھنے والے مفروضات قائم کریں گے۔ مثال کے طور پر فصلوں سے متعلق کسان سے سوالات کرنا، بچوں کے حقوق کے بارے میں سوالات کریں گے۔ ڈاکٹروں سے اپنے جسمانی اعضاء کے تحفظ کے بارے میں سوالات کرنا۔ بیماریوں سے متعلق وجوہات کا پتہ لگانا، پودوں پر تجربات سے متعلق مفروضات قائم کرنا وغیرہ کر پائیں گے۔

## 3۔ تجربات۔ حلقۂ عمل کے مشاہدات / مقامی ماحول کا مشاہدہ

☆ غذائی اشیاء، پودوں وغیرہ سے متعلق تجربات کریں گے۔ تجربات کے اہتمام کے لیے درکار اشیاء حاصل کریں گے۔ تجربہ سے قبل مفروضہ قائم کریں گے۔ تجربہ کے بعد اپنے مفروضات کا تقابل کریں گے اور وجوہات کا تجزیہ کریں گے۔ مشاہدہ کرنا، تقابل کرنا۔

☆ کیے گئے تجربہ کا طریقہ بیان کریں گے۔ بچوں کے حقوق، فصلوں، طرز زندگی، قدیم تعمیرات / مقامات، مختف مقامات پر حفاظتی اقدامات وغیرہ سے متعلق عملی مشاہدہ کے ذریعہ تفصیلات حاصل کریں گے۔ مشاہداتی و تجرباتی مہارتوں میں فروغ حاصل کریں گے۔

## 4۔ ترسیلی مہارتیں، منصوبہ کام

☆ حاصل کردہ معلومات کو جدول کی شکل میں درج کریں گے۔ جدول سے حاصل کردہ معلومات کو سمجھتے ہوئے وضاحت کریں گے۔ معلوماتی جدول کا تجزیہ کریں گے اور نتیجہ اخذ کریں گے۔

☆ جانور، زراعت، فصلیں، مقوی غذائیں لینا، امراض، جنگلاتی پیداوار، آبی وسائل، قدیم تعمیرات کی تفصیلات، بجلی کے استعمال کی تفصیلات، طلوع وغروب آفتاب کی تفصیلات وغیرہ سے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔ منصوبہ کام میں حصہ لیں گے۔

## 5۔ نقشہ جاتی مہارتیں، شکلیں اُتارنا، نمونے تیار کرنے کے ذریعہ اظہار خیال

☆ انسانی جسم کے مختلف نظام اور ان کی کارکردگی کا طریقہ کار، بجلی کی پیداوار، موسمی دور کے شکلیں اُتار کر ان کے کام کرنے کے طریقوں کو بیان کریں گے۔ نمونوں کی تیاری کے ذریعہ کی وضاحت کر پائیں گے۔

☆ ہندوستان کے نقشے میں ریاستوں، مقامات، حدود وغیرہ کی نشاندہی کریں گے۔ تلنگانہ کے نقشے میں فصلوں، دریاؤں وغیرہ کی تفصیلات کی نشاندہی کریں گے۔ دنیا کے نقشے میں براعظموں، ممالک اور سمندروں وغیرہ کی نشاندہی کریں گے۔ ان سے متعلق نقشہ جاتی مہارتیں حاصل کریں گے۔

## 6۔ توصیف، اقدار، حیاتی تنوع کے تئیں باشعور رہنا

☆ پرندوں اور جانوروں کے تئیں ہمدردی کا رویہ اختیار کریں گے۔ ماحول اور حیاتی تنوع کے تئیں شعور کو فروغ دیں گے۔ پودوں، درختوں، پانی وغیرہ کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے اقدامات سے آگہی حاصل کریں گے۔ ان اقدامات سے متعلق عادتوں کو اپنائیں گے۔

☆ آلودگی کے تدراک سے متعلق کیے جانے والے اقدامات کو سمجھتے ہوئے اس پر عمل کریں گے۔ اصولوں اور تحدیدات کو سمجھتے ہوئے عمل کریں گے۔

☆ قدرتی وسائل کا تحفظ، ایندھن کا احتیاط سے استعمال، بجلی کی بچت، دوسروں کی مدد کرنا وغیرہ سے متعلق آگہی حاصل کریں گے۔ ضرورت پڑنے پر ان سے متعلق نعرے، پوسٹر، خطوط لکھنے کے ذریعے سماجی کا شعور کا مظاہرہ کریں گے۔ سماج کے لیے معاون پروگراموں میں حصہ لینا اپنی عادت بنالیں گے۔

☆ دوسروں کی اچھائیوں کو دیکھ کر ان کی حوصلہ افزائی کریں گے۔

SCERT TELANGANA



یہ کتاب حکومت تلنگانہ کی جانب سے مفت تقسیم کے لیے ہے۔ 21-2020